| پرچہ ... | دہم لاہور بورڈ 2017ء | اُردو (لازمی) |
|---|---|---|
| کل نمبر: 15 | پرچہ معروضی | وقت: 20 منٹ |

(پہلا گروپ)

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1۔ مصنف نے کس مصیبت کو فقیر کے لیے نعمت تصور کیا ہے:

(A) روٹی کی محتاجی (B) دوست نہ ہونا

(C) غریب الوطنی (D) بھیک مانگنا

2۔ گدلا پانی پودوں کے لیے تھا:

(A) ضرر رساں (B) بے سود

(C) مفید (D) آبِ حیات

3۔ مرزا غالب کو تفتہ کا خط کہاں سے آتا تھا:

(A) کلکتہ (B) سکندر آباد

(C) کول (D) آگرہ

4۔ قلعے کی بڑی بڑی مغلانیاں، سیدانی بی کے سامنے:

(A) کام کرتی تھیں (B) کھڑی رہتی تھیں

(C) دم نہ مارتی تھیں (D) کان پکڑتی تھیں

5۔ شاعر نے فاطمہ کو حور کہا ہے:

(A) صحرائی (B) ارضی

(C) آسمانی (D) جنت

ilm.com.pk

Scanned by CamScanner

مرزا غالب پنشن کا بڑا حصہ صَرف کردیتے تھے:

(A) جائیداد خریدنے پر
(B) خیرات کرنے پر
(C) کتابوں پر
(D) کھانے پینے پر

''شفاخانہ'' گرائمر کی رُو سے ہے:

(A) ظرفِ زماں
(B) ظرفِ مکاں
(C) اسم آلہ
(D) اسم اشارہ

درست تلفظ ہے:

(A) مَسْجَدُ
(B) مَسْجِدُ
(C) مَسِجدُ
(D) مُسَجَدُ

اب انسان کو کس کا عرفان حاصل ہوگا:

(A) خدا تعالیٰ کا
(B) انسان کا
(C) کائنات کا
(D) ان سب کا

1۔ چغل خور نے کیا بتایا کہ کوڑھی کا جسم ہو جاتا ہے:

(A) نمکین
(B) میٹھا
(C) کھٹا
(D) کڑوا

1۔ ''چھم چھم'' گرائمر کی رُو سے ہے:

(A) اسم جامد
(B) اسم مکبر
(C) اسم صوت
(D) اسم مصغر

12۔ ''جیدا'' گرائمر کی رُو سے ہے:

(A) خطاب
(B) تخلص
(C) اسم عُرف
(D) کنیت

13۔ درست تلفظ ہے:

(A) جِهَادُ
(B) جَهِادُ
(C) جَهَادُ
(D) جُهَادُ

ilm.com.pk

Scanned by CamScanner

14۔ مصنف نے دُنیا میں قومیت کی تشکیل کی کتنی بنیادیں بتائی ہیں:

(A) ایک (B) دو

(C) چار (D) آٹھ

15۔ پھولوں کا رنگ محبوب کی کس سے ملتا ہے:

(A) ہنسی سے (B) شکل وصورت سے

(C) تازگی اور نزاکت سے (D) خوش پوشی سے

| | | |
|---|---|---|
| اُردو (لازمی) | دہم لاہور بورڈ 2017ء | پرچہ |
| وقت: 2.10 گھنٹے | انشائی | کل نمبر: |

(پہلا گروپ)

(حصہ اول)

2- (الف) درجِ ذیل نظم وغزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے):

(حصہ نظم)

(i) گرمی کا روزِ جنگ کی، کیوں کر کروں بیاں
ڈر ہے کہ مثلِ شمع نہ جلنے لگے زباں

(ii) اپنے صحرا میں بہت آہو ابھی پوشیدہ ہیں
بجلیاں برسے ہوئے بادل میں بھی خوابیدہ ہیں!

(iii) سب محنت کش گلے ملے اور اُبھرا اک پیغام
اس پیغام کو سمجھو یہ ہے قدرت کا انعام

(iv) مجھے بیاہ کی تصویر بھیج دیں جھٹ پٹ
یہ دیکھنا ہے کہ بیٹھے ہیں آپ کس کروٹ

(حصہ غزل)

(v) یہ وہ راستا ہے دیارِ وفا کا
جہاں بادِ صر صر، صبا ہو گئی ہے

ilm.com.pk

Scanned by CamScanner

مل کے بھی جو کبھی نہیں ملتا
ٹوٹ کر دِل، اُسی سے ملتا ہے

سر میں سودا بھی نہیں، دل میں تمنا بھی نہیں
لیکن اس ترکِ محبت کا بھروسا بھی نہیں

## (حصہ دوم)

درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے: (5, 5)

(الف) اُس کی کارسازی کے قربان، صدقے مشکل کشا کے، عقل نے ایسا کام دیا اور پہلے ہی جوڑے میں واہ وا ہوگئی۔ شہزادی کا چہرہ بھی خوشی کے مارے پھول کی طرح کھل گیا۔ اب کیا تھا میرے ہاتھ پاؤں میں گھوڑے لگ گئے۔ دنوں کا کام گھڑیوں میں ہونے لگا۔ کہانی بہت لمبی ہے، کہاں تک کہوں جس کام کی آدمی دُھن باندھ لے، وہ ہو ہی جاتا ہے۔ آخر سارے جوڑے سل بھی گئے اور ٹِک بھی گئے۔ کتنے دن لگے؟ یہ کون کہہ سکتا ہے۔

(ب) اگلے وقتوں کی بات ہے کسی گاؤں میں ایک چغل خور رہتا تھا۔ دوسروں کی چغلی کھانا اور ایک کی بات دوسروں سے کرنا اس کی عادت تھی اور لاکھ کوشش کے باوجود، وہ اپنی عادت کو نہ چھوڑ سکا تھا۔ اس نے بارہا اس بات کا ارادہ کیا کہ اب کسی سے کسی کی چغلی نہیں کھائے گا، ایک کی بات دوسروں سے نہیں کہے گا لیکن ہر بار وہ اپنے اس ارادے میں ناکام ہو جاتا۔ دراصل وہ اپنی عادت سے مجبور تھا اسی عادت کی وجہ سے اُسے اپنی ملازمت سے بھی ہاتھ دھونا پڑے تھے۔

درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: (10)

عیدالفطر پر نظموں میں، شعرا نے کیا باریکیاں پیدا کی ہیں؟

محمد حسین کی گفتگو کا محور کیا ہوتا ہے؟

شیخوپورہ سے گزرتے ہوئے علی بخش کو کیا یاد آیا؟

Scanned by CamScanner

(iv) مرزا غالب نے کتابوں پر کیا رائے دی ہے؟

(v) حمد میں خالق کی کن مخلوقات کا ذکر کیا گیا ہے؟

(vi) مرزا محمد سعید کس لیے لکھتے تھے؟

(vii) سڑک پر چلنے والی کن سواریوں کا حلیہ بگڑتا ہے؟

(viii) شاعر کو کسی کی یاد کتنے عرصے سے نہیں آئی؟

-5 کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) نظریۂ پاکستان (ii) علی بخش (5)

-6 درجِ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے: (15)

(i) علامہ محمد اقبالؒ (ii) محنت کی برکتیں

(iii) مدرسے کا کتب خانہ

-7 درجِ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تح

کیجیے:

(10)

ملکہ کی دلدوز اور ولولہ انگیز تقریر سے امیروں، وزیروں کی رگِ حمیت بیدار ہوگئ سب نے تہیہ کرلیا کہ وطن کی حفاظت میں اپنے خون کا ایک ایک قطرہ نثار کردیں گے۔ ش فوج کی آمد کی خبریں برابر احمد نگر پہنچ رہی تھیں۔ چاند بی بی نے فوج کی ترتیب و تنظیم کا اہتمام اپنے ہاتھ میں لے لیا اور سارے انتظام مکمل کرکے دشمن کی آمد کا انتظار کرنے لگ بالآخر شاہی فوج آئی، احمد نگر پر حملہ کیا، لیکن احمد نگر والوں نے شاہی فوج کا مقابلہ اتنی ہمت ا دلیری سے کیا کہ اُس کے دانت کھٹے ہوگئے۔

سوالات: (i) ملکہ کی تقریر نے کیا اثر پیدا کیا؟

(ii) چاند بی بی نے احمد نگر بچانے کے لیے کیا تدابیر اختیار کیں؟

(iii) شاہی فوج کے حملے کا کیا انجام ہوا؟

(iv) رگِ حمیت کا کیا مطلب ہے؟

(v) احمد نگر کی ملکہ کا نام کیا ہے؟

ilm.com.pk

Scanned by CamScanner

| پرچہ II | دہم لاہور بورڈ 2017ء | اُردو (لازمی) |
|---|---|---|
| کل نمبر: 15 | پرچہ معروضی | وقت: 20 منٹ |

(دوسرا گروپ)

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1۔ سلطان محمد فاتح گھوڑے سے اتر کر داخل ہوا:

(A) حرم میں (B) مسجد میں
(C) کلیسا میں (D) مندر میں

2۔ فاطمہ بنت عبداللہ کس اُمت کی آبرو ہے:

(A) محفوظ (B) مغرور
(C) مغفور (D) مرحوم

3۔ ''لقب'' اسم کی قسم ہے:

(A) نکرہ (B) ضمیر
(C) عَلَم (D) ذات

4۔ درست تلفظ ہے:

(A) تَرَنَّم (B) تَرَنَم
(C) تَرَنُّم (D) تُرَنُّم

5۔ ''اُونچی دیوار'' قواعد کی رُو سے ہے:

(A) اسم معاوضہ (B) اسم صفت
(C) اسم حالیہ (D) اسم مفعول

ilm.com.pk

Scanned by CamScanner

6۔ کس نے انگریزوں سے مفاہمت کو غنیمت جانا:

(A) علامہ اقبالؒ　　(B) قائداعظمؒ

(C) سرسید احمد خان　　(D) محمد علی جوہر

7۔ کسان کی بیوی نے کسان کی کلائی پکڑ لی:

(A) کود کر　　(B) لپک کر

(C) اُچھل کر　　(D) جھپٹ کر

8۔ خواجہ عبدالرحیم لاہور کے معروف تھے:

(A) بیرسٹر　　(B) مرچنٹ

(C) پروفیسر　　(D) حکیم

9۔ میاں شُتر نے کس گاڑی پر سفر کیا؟

(A) چمکیلی　　(B) نئی

(C) پرانی　　(D) سجاوٹ والی

10۔ دو اسموں کو کون سا حرف آپس میں ملاتا ہے:

(A) بیان　　(B) علّت

(C) جار　　(D) عطف

11۔ جگر کو محبوب ملتا ہے:

(A) سادگی سے　　(B) آمادگی سے

(C) خوشی سے　　(D) ہنسی سے

12۔ شاکر صاحب کے بھائی نے موسیقی کی مشق فرمائی:

(A) آدھ گھنٹہ　　(B) پون گھنٹہ

(C) ایک گھنٹہ　　(D) ڈیڑھ گھنٹہ

13۔ درست تلفظ ہے:

(A) مَدْرَسہ　　(B) مِدْرَسہ

(C) مَدْرَسّہ　　(D) مَدْرُسَہ

ilm.com.pk

Scanned by CamScanner

14۔ نام دیومالی کے چہرے پر رہتی تھی:

(A) مسکراہٹ (B) بشاشت

(C) سلوٹ (D) زردی

15۔ مرزا غالب کو حاکم اکبر سے کس چیز کی توقع ہے:

(A) انعام (B) پنشن

(C) وظیفہ (D) خلعت

| اُردو (لازمی) | دہم لاہور بورڈ 2017ء | پرچہ II |
|---|---|---|
| وقت: 2.10 گھنٹے | انشائی | کل نمبر: 60 |

(دوسرا گروپ)

(حصہ اول)

(الف) درجِ ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے): (10)

(حصہ نظم)

(i) وہی ہے کائنات اور اس کی مخلوقات کا خالق
نباتات و جمادات اور حیوانات کا خالق

(ii) یہ سعادت حُورِ صحرائی! تری قسمت میں تھی
غازیانِ دیں کی سقائی تری قسمت میں تھی

(iii) دوڑتی ہے رات کو جس کی نظر افلاک پر
دن کو جس کی انگلیاں رہتی ہیں نبضِ خاک پر

(iv) نیا یہ آج کے پرچے نے گل کھلایا ہے
کہ سہرا باندھ کے اِک اُونٹ بلبلایا ہے

(حصہ غزل)

(v) بھول جاتا ہوں میں ستم اُس کے

ilm.com.pk

Scanned by CamScanner

وہ کچھ اس سادی سے ملتا ہے

(vi) ایک مدت سے تری یاد بھی آئی نہ ہمیں
اور ہم بھول گئے ہوں تجھے، ایسا بھی نہیں

(vii) جلنا تو چراغوں کا مقدّر ہے ازل سے
یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

## (حصہ دوم)

-3 درجِ ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے: (5, 5)

(الف) اس رجحان نے تخلیقی سطح پر ایک نئی سمت کی طرف اشارہ کیا ہے جس سے یہ نتیجہ نکالنا بے موقع نہ ہوگا کہ عید کا تصور مسلمانوں کے ہاں محض تہوار منانے اور اُچھل کود کو کلچر بنانے پر منحصر نہیں بلکہ اس خوشی کا رشتہ ہماری اقدار میں بہت دور تک جاتا ہے۔

(ب) میں نے اس بے مثل کارگزاری پر اسے انعام دینا چاہا تو اس نے لینے سے انکار کردیا۔ شاید اُس کا کہنا ٹھیک تھا کہ اپنے بچوں کے پالنے پوسنے میں کوئی انعام کا مستحق نہیں ہوتا۔ کیسی ہی تنگی ترشی ہو تو وہ ہر حال میں کرنا ہی پڑتا ہے۔

-4 درجِ ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: (10)

(i) نظریۂ پاکستان کا مقصد کیا ہے؟

(ii) سیدانی بی نے گزر اوقات کے لیے کون سا پیشہ اختیار کیا؟

(iii) مرزا محمد سعید کس لیے لکھتے تھے؟

(iv) کسان نے چغل خور کو کن شرائط پر ملازم رکھا؟

(v) ''حمد'' میں خالق کی کن مخلوقات کا ذکر کیا گیا ہے؟

(vi) مصنف (مولوی عبدالحق) کے خیال میں اچھا انسان کیسے بنا جاسکتا ہے؟

(vii) پاکستانی بچوں کو کس دشمن سے لڑنا ہے؟

(viii) شاعر ''حسرت موہانی'' کے ہاں مصیبت کے ''راحت فزا'' ہونے کی وجہ کیا ہے؟

-5 کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (ii) علی بخش (5)

ilm.com.pk

Scanned by CamScanner

6- درجِ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے: (15)

(i) سکول کی تعطیلات (ii) تحریکِ پاکستان (iii)

7- درجِ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے: زم۔۔۔زم

انتخابِ کتب ایک اہم مسئلہ ہے۔ اس کے لیے اس طرح کی احتیاط اور غور وفکر کی ضرورت ہے جس طرح کہ دوستوں کے انتخاب کے لیے۔ جس طرح ایک اچھے اور نیک چال چلن کا مالک انسان اپنے دوست کو بُرائی سے بچالیتا ہے اور ایک بُرا دوست اپنی بد کرداری کی وجہ سے دوسرے دوست کو بھی تباہ کر دیتا ہے۔ اسی طرح اچھی کتابیں دل و دماغ اور عادات و اطوار پر اچھا اثر ڈالتی ہیں اور مخرب اخلاق اور بے ہودہ کتابیں طبیعت کو بُرائی کی طرح مائل کرتی ہیں۔ اسی طرح بُری کتابوں کا مطالعہ پڑھنے والے کی اخلاقی موت کا باعث بنتا ہے۔ مشاہیر زمانہ کی سوانح عمریاں، سفرنامے، تاریخی اور مذہبی کتب اور جدید معلومات پر لکھی ہوئی کتابوں کا مطالعہ انسان اور خصوصاً طالب علم کے لیے بہت مفید ہیں۔ اخلاقی کتابوں کے مطالعہ سے اخلاق بلند ہوتا ہے۔

سوالات: (i) کتابوں کے انتخاب میں کس چیز کی ضرورت ہے؟

(ii) بُرا دوست کیا نقصان پہنچاتا ہے؟

(iii) خراب کتابیں پڑھنے سے کیا نقصان ہوتا ہے؟

(iv) طالب علم کے لیے کون سی کتابیں مفید ہیں؟

(v) درجِ بالا عبارت کا موزوں عنوان لکھیے۔

ilm.com.pk

Scanned by CamScanner